luftvägsregistret

یہ یونٹ قومی کوالٹی رجسٹر برائے دمہ اور مزمن
مسدودی پھیپڑی مرض سے منسلک ہے۔

## رجسٹر کا مقصد

رجسٹر نظام تنفس کا مقصد دمے اور مزمن مسدودی پھیپڑی مرض کے علاج معالجے کی کیفیت کی بہتری اور اس کے علاوہ ملک بھر میں یکساں علاج معالجے کے لیے بنیادی حقائق کی فراہمی میں مدد کرنا ہے۔

## آپ بہتر علاج معالجے کو فراہم کرنے میں مدد کرسکتے ہیں

آپ سے نظام تنفس رجسٹر میں شامل ہونے کے بارے پوچھا جائے گا۔ رجسٹر میں شامل ہونے کے ذریعے آپ علاج معالجے کو بہتر کرنے میں مدد کرتے ہیں کیونکہ جتنے زیادہ افراد رجسٹر میں شامل ہوں اتنی ہی قابل اطمینان اعداد و شمار حاصل ہوں گے جس کو ہم بہتری کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کے لیے استعمال میں لاتے ہیں۔

## آپ رازداری کے پردے میں ہوں گے

آپ کے کوائف رازداری کے تحت محفوظ ہوں گے اور بیماروں کے کوائف کے بارے میں قانون کے تحت میڈیکل ریکارڈز کی طرح استعمال میں لائے جائیں گے۔

## بیمار کی حیثیت سے آپ کے حقوق

آپ اپنے کوائف کو مٹواسکتے ہیں اور یا رجسٹر میں شامل ہونے کو مسترد کرسکتے ہیں۔ آپ کا صوبائی یا علاقائی محکمہ صحت کوائف کو محفوظ رکھنے کا ذمہ دار ہے اور ان کے یہاں ایک ذاتی کوائف کا نمائندہ موجود ہوتا ہے جو مزید معلومات فراہم کرسکتا ہے۔ اگر آپ رجسٹر کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں یا ہم سے رابطہ قائم کرنا چاہتے ہیں تو ہماری وبسایٹ کو چیک کریں: www.luftvagsregistret.se